وزیراعظم کی نیوزی لینڈ کے وزیراعظم سے ملاقات

22 مئی 2023

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے 22 مئی 2023 کو پورٹ مورسبی میں، فورم فار انڈیا پیسیفک آئی لینڈز کوآپریشن (FIPIC) کے تیسرے سربراہی اجلاس کے موقع پر نیوزی لینڈ کے وزیر اعظم عزت مآب جناب کرس ہپکنز کے ساتھ میٹنگ کی۔

2۔ یہ دونوں وزرائے اعظم کے درمیان پہلی بات چیت تھی۔

3۔ دونوں رہنماؤں نے دوطرفہ تعاون کے جاری اقدامات پر تبادلہ خیال کیا، اور تجارت و حرفت، تعلیم، انفارمیشن ٹیکنالوجی، سیاحت، ثقافت، کھیل اور عوام سے عوام کے روابط سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کو بڑھانے پر اتفاق کیا۔

پورٹ مورسبی

مئی 2023 22